Al Hayat, 30-06-2022

# مانو جشن بہاراں میں اسپورٹس مقابلوں کا انعقاد

**الحیات نیوز سروس**

حیدرآباد، 29 جون :مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی طلبہ یونین کے "جشن بہاراں" میں لڑکے اور لڑکیوں کے لیے اسپورٹس مقابلوں کا اہتمام کیا گیا۔ اس کے تحت اتھلیٹکس، بیڈمنٹن، شطرنج، کیرم، تھرو بال، والی بال، ٹیبل ٹینس، ویٹ لفٹنگ، کبڈی، کرکٹ کے مقابلے منعقد ہوئے۔ ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر اسپورٹس و کوآرڈینیٹر کی تفصیل کے بموجب لڑکوں کے اتھلیٹکس مقابلوں میں 200 میٹر میں محمد رضوان نے کامیابی حاصل کی جبکہ 800 میٹر میں شان علی نے پہلا مقام حاصل کیا۔ لڑکیوں میں 100 اور 200 میٹر میں شبنم خاتون نے جیت درج کی۔ 400 میٹر میں الطافیہ آفرین نے



کامیابی حاصل کی۔ لڑکوں کے شطرنج میں محمد کیف کامیاب ہوئے جبکہ لڑکیوں میں زیدہ آفرین نے پہلا مقام حاصل کیا۔ کیرم ڈبلس مقابلوں میں لڑکوں میں عبدالرحمن آصف اور وقار احمد نے کامیابی حاصل کی۔ لڑکیوں میں بی بی جویریہ اور شیخ شہناز بیگم کو کامیابی ملی۔ بیڈمنٹن ڈبلس میں لڑکوں میں عامر رؤف اور محمد رفیع نے پہلا مقام حاصل کیا۔ لڑکیوں میں آرزو بانو اور بشریٰ فاطمہ نے کامیابی حاصل کی۔ ٹیبل ٹینس (سنگلز) میں لڑکوں کے مقابلوں میں سلمان صدیقی کامیاب رہے۔ آرزو بانو نے لڑکیوں میں پہلا مقام حاصل کیا۔ ویٹ لفٹنگ میں 65 کلو گرام زمرہ میں سلمان خان، 70 کلو گرام زمرہ میں عرفان احمد میر اور کامل محمد نے مشترکہ طور پر اور 75 کلو گرام زمرہ میں امجد نے اول مقام حاصل کیا۔ لڑکیوں میں شبنم خاتون نے 50 کلو گرام زمرہ میں، حجاب منظر نے 55 کلو گرام زمرہ میں اور تسکین نسیم نے 60 کلو گرام میں زمرہ میں کامیابی حاصل کی۔ لڑکوں کے فٹ بال میں لینگویجس اسکول نے کامیابی درج کرائی جبکہ لڑکیوں میں اسکول آف سائنس نے کامیابی حاصل کی۔ کبڈی میں لڑکوں کی بزنس اسکول ٹیم نے جیت درج کی جبکہ لڑکیوں کی ٹیکنالوجی اسکول کی ٹیم نے کامیابی حاصل کی۔ لڑکیوں کے تھرو بال مقابلوں میں لینگویجس اسکول نے جیت درج کی۔ والی بال میں لڑکوں میں لینگویجس اسکول نے کامیابی حاصل کی اور کرکٹ میں لڑکوں کی سائنس اسکول نے جیت حاصل کی۔ ڈاکٹر وقار النساء، پرووسٹ گرلز ہاسٹلس بھی ان مقابلوں کی کوآرڈینیٹر تھیں۔ ڈاکٹر فردوس تبسم، اسسٹنٹ پروفیسر تعلیم و تربیت لڑکیوں کے مقابلوں کی شریک کنوینر تھیں۔ ڈاکٹر محمد حبیب اللہ، جناب پی حبیب اللہ، رحیم الدین، موہن راؤ، محمد امیر، شیخ نوید مظفر علی، پی ہمسکا چتی، ڈاکٹر بی مرہری، محمد غوث اور محمود نے سرگرم تعاون کیا۔ طلبہ یونین عہدیداروں محمد مرسلین، صدر؛ ابوحمزہ، نائب صدر اور محمد عارف، جنرل سکریٹری نے ان مقابلوں کے انعقاد میں حصہ لیا۔

Aadab Telangana, 30-06-2022

# مانو میں جشن بہاراں کے تحت قرأت مقابلہ

حیدرآباد، 29/جون (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں طلبہ یونین کی ''جشن بہاراں'' تقاریب کے ضمن میں 27 جون کو قرات کے مقابلہ کا انعقاد عمل میں آیا۔ طلبہ نے عقیدت و احترام، دلچسپی اور جوش و خروش کے ساتھ اس میں حصہ لیا۔ شعیب احمد صدیقی (بی ایڈ) اور فاطمہ رحمہ (ایم اے عربی) کو پہلا انعام حاصل ہوا۔ دوسرا انعام نعمت علی (ایم ایڈ) اور محمد سہیل (ایم اے انگلش) نے حاصل کیا، جب کہ تیسرا انعام محمد جاسم (ایم اے اسلامک اسٹڈیز) اور محمد عمار (ڈی ایل ایڈ) نے حاصل کیا۔ اس مقابلہ، میں 100 سے زائد طلبہ نے اپنا نام درج کرایا جن میں سے 70 طلباء و طالبات نے حصہ لیا۔ ڈاکٹر جاوید ندیم (اسسٹنٹ پروفیسر، عربی)، ڈاکٹر شرف عالم (اسسٹنٹ پروفیسر عربی)، ڈاکٹر محمد عبدالعلیم (اسسٹنٹ پروفیسر ڈی ڈی ای) اور ڈاکٹر عمر فاروق (اسسٹنٹ پروفیسر ڈی ڈی ای) نے حکم کے فرائض انجام دیئے۔ ڈین بہبودی طلبہ پروفیسر علیم اشرف جائسی کے ہاتھوں مقابلہ کا افتتاح عمل میں آیا۔ قرأت مقابلہ کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر فرحت علی (اسسٹنٹ پروفیسر) نے اختتامی کلمات پیش کیے۔ ذیشان سارہ (اسسٹنٹ پروفیسر اسلامک اسٹڈیز) نے نظامت کے فرائض انجام دیئے۔ ڈاکٹر عرفات، اسسٹنٹ پروفیسر، سمیہ صالحہ ویمن اسٹڈیز، محمد شعیب شعبہ عربی اور محمد ریحان و دیگر نے پروگرام کے انعقاد میں معاونت کی

Aadab Telangana, 30-06-2022

# مانو طلبہ یونین کے جشن بہاراں میں مشاعرہ کا انعقاد

حیدرآباد، 29 / جون (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی طلبہ یونین کے "جشنِ بہاراں" میں گذشتہ شب مشاعرہ کا نہایت کامیاب انعقاد عمل میں آیا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، نے صدارت کی۔ اساتذہ وطلبہ کے علاوہ حیدرآباد کے معروف مدعو شعراء نے بھی کلام سنایا۔ مشاعرے کا آغاز اوپن ایئر تھیٹر میں ہوا لیکن بارش کے باعث اسے آغا حشر کاشمیری آڈیٹوریم، نظامت فاصلاتی تعلیم میں منتقل کر دیا گیا۔ مدعو شعراء میں رؤف خیرؔ، سردار سلیمؔ، تسنیم جوہر، نعمت خاں ناصر مصباحی، الیزابیتھ مونا کورین شامل تھے۔ یونیورسٹی اساتذہ میں پروفیسر فاروق بخشی، صدر شعبۂ اردو؛ پروفیسر عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر سی پی ڈی یو ایم ٹی اور ڈاکٹر محمود کاظمی، صدر شعبۂ ترجمہ نے بھی کلام پیش کیا۔ طالب علموں میں قاسم واسع، ماجد انور اسامہ، فہد خالق، محمد کونین، محمد فاروق، اطہر شافعہ، فاطمہ رحمٰن، شبلی آزاد، ذیشان آرزو، محمد فیضان، زید احمد نے کلام سنایا۔ صدر مشاعرہ پروفیسر سید عین الحسن کے ان اشعار: ہم کو ہمارا سچ جو کتابیں بتائیں گی:: جلتی دکھائی دیں گی کسی چوک پر ہمیں؛ ہم نے جگہ جگہ پر تو روشن کیے چراغ:: بدلے میں اس کے دینا پڑا اپنا سر ہمیں، کو زبردست داد ملی۔ مشاعرے کی نظامت یونیورسٹی کے طالب علم مظہر سبحانی نے کی۔ اس موقع پر جشنِ بہاراں انتظامی کمیٹی کے ذمہ داروں میں پروفیسر محمد عبدالعظیم، پراکٹر کے ہاتھوں مومنٹو کی تقسیم بھی عمل میں آئی۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرووائس چانسلر؛ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار اور پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین بہبودیِ طلبہ شہ نشین پر موجود تھے۔ ڈاکٹر کے ایم ضیاء الدین، اے سی ایس ای ایس آئی پی اور ڈاکٹر جرار احمد، اسسٹنٹ پروفیسر تعلیم و تربیت مشاعرہ کے کوآرڈینیٹرس تھے۔ طلبہ یونین کے صدر محمد مرسلین، نائب صدر محمد ابوحمزہ اور سکریٹری محمد حارث نے انتظامات میں حصہ لیا۔

انقلاب THE INQUILAB
قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبال)
30-6-2022

# اردو یونیورسٹی میں جشنِ بہاراں ۲۰۲۲ء کا انعقاد



حیدرآباد، (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اسٹوڈنٹس یونین کے سالانہ ثقافتی، ادبی اور کھیل کود کے پروگرام جشنِ بہاراں ۲۰۲۲ء کا شاندار پیمانے پر انعقاد عمل میں آیا۔ اوپن ایئر آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والا ثقافتی پروگرام 'کلچرل نائٹ' پُرجوش تقاریب کے کامیاب اختتام کا واضح ثبوت تھا۔ طلبہ نے اپنے ساتھیوں کے فن کے مظاہرے سے محظوظ ہوتے ہوئے ان کی ستائش کی۔ فنکاروں نے بھی انہیں مایوس نہیں کیا۔ اوپن ایئر تھیٹر میں موسیقی، گلوکاری، رقص، مزاحیہ خاکوں، قوالی، لوک گیت، لوک رقص اور مونو ایکٹ کی یہ یادگار محفل سجائی گئی۔ مانو میں تین سال کے وقفے کے بعد جشن بہاراں کا انعقاد کیا گیا اور طلبہ نے اس میں جوش و خروش سے شرکت کی۔ پروفیسر سید عین الحسن وائس چانسلر نے نہ صرف ساری تقاریب کی سرپرستی کی بلکہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے مختلف پروگراموں میں شرکت بھی کی۔ وائس چانسلر نے 'فوڈ فیسٹ' کا بھی معائنہ کیا اور طلبہ کے پکوان کی مہارت اور ذائقے کی ستائش کی۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرو وائس چانسلر، پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار اور پروفیسر علیم اشرف جائسی ڈین بہبودیِ طلبہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، صدر نشین، ایم ایس یو مشاورتی کمیٹی اور ڈاکٹر محمد یوسف خان، کنوینر کمیٹی نے تقاریب کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے مختلف کوآرڈینیٹرز کے ساتھ انتھک محنت کی۔ طلبہ یونین کے محمد مرسلین، صدر، محمد ابوحمزہ، نائب صدر، محمد حارث، سیکریٹری اور یونین کے دیگر عہدیداران نے بھی انتظامی کمیٹی کے ساتھ تعاون کیا۔ کلچرل نائٹ میں طلبہ نے نغمے، رقص، اداکاری، لوک گیت، لوک رقص قوالی وغیرہ پیش کرتے ہوئے سماں باندھ دیا۔

https://wp.me/pdcvIp-8Ok

# مانو میں کلچرل نائٹ کے ساتھ جشنِ بہاراں کا رنگارنگ اختتام

اوپن ائیر آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والا ثقافتی پروگرام ”کلچرل نائٹ“ پُرجوش تقاریب کے کامیاب اختتام کا واضح ثبوت تھا۔وقفے وقفے سے ہو رہی بارش کے باوجود طلبہ کی بڑی تعداد اپنے ساتھیوں کے فن کے مظاہرے سے محظوظ ہوتے ہوئے ان کی ستائش کی۔

ناشر**سید مبشر** /آخری ترمیم ۲۹ جون ۲۰۲۲ - ۲۰:۲۳

سید عین الحسن وائس چانسلر نے نہ صرف ساری تقاریب کی سرپرستی کی بلکہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے مختلف پروگراموں میں شرکت بھی کی۔

**حیدرآباد :**مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اسٹوڈنٹس یونین کے سالانہ ثقافتی، ادبی اور کھیل کود کے پروگرام ”جشنِ بہاراں 2022“ کا شاندار پیمانے پر انعقاد عمل میں آیا۔ کل شام اوپن ائیر آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والا ثقافتی پروگرام ”کلچرل نائٹ“ پُرجوش تقاریب کے کامیاب اختتام کا واضح ثبوت تھا۔وقفے وقفے سے ہو رہی بارش کے باوجود طلبہ کی بڑی تعداد اپنے ساتھیوں کے فن کے مظاہرے سے محظوظ ہوتے ہوئے ان کی ستائش کی۔





فنکاروں نے بھی انہیں مایوس نہیں کیا۔ اوپن ائیر تھیئٹر میں موسیقی، گلوکاری، رقص، مزاحیہ خاکوں، قوالی، لوک گیت ، لوک رقص اور مونو ایکٹ کی یہ یادگار محفل سجائی گئی۔ مانو میں 3 سال کے وقفے کے بعد جشن بہاراں کا انعقاد کیا گیا اور طلبہ نے اس میں جوش و خروش سے شرکت کی۔ پروفیسر سید عین الحسن وائس چانسلر نے نہ صرف ساری تقاریب کی سرپرستی کی بلکہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے مختلف پروگراموں میں شرکت بھی کی۔





پروفیسر حسن جنھوں نے 24 جون کو اس جشن کے افتتاحی پروگرام میں صدارت کی ، 27 جون کو منعقدہ مشاعرہ میں شرکت کی۔ وائس چانسلر نے 28 جون کو منعقدہ ”فوڈ فیسٹ“ کا بھی معائنہ کیا اور طلبہ کے پکوان کی مہارت اور ذائقے کی ستائش کی۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرو وائس چانسلر، پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار اور پروفیسر علیم اشرف جائسی ڈین بہبودیِ طلبہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔

پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، صدر نشین، ایم ایس یو مشاورتی کمیٹی اور ڈاکٹر محمد یوسف خان، کنوینر کمیٹی نے تقاریب کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے مختلف کوآرڈینیٹرز کے ساتھ انتھک محنت کی۔طلبہ یونین کے محمد مرسلین، صدر، محمد ابوحمزہ، نائب صدر ، محمد حارث، سیکریٹری اور یونین کے دیگر عہدیداران نے بھی انتظامی کمیٹی کے ساتھ تعاون کیا۔

کلچرل نائٹ میں طلبہ نے نغمے، رقص، اداکاری، لوک گیت، لوک رقص قوالی وغیرہ پیش کرتے ہوئے سماں باندھ دیا۔ اطہر علی شافعہ کے دعائیہ گیت سے پروگرام شروع ہوا۔ راغب و ماریہ، ناصر علی، تسکین فاطمہ، احمد رضا، التمش خان، گوہر عالم، جواد عالم، آفرین، امیر اللہ ، کونین علی، محمد شاہد، محمد سہیل نے نغمے پیش کیے۔

کیرالا، اوڑیہ کا لوک رقص پیش کیا گیا۔ گلوکاروں کے گروپ نے کیرالا کا لوک گیت اور کیرالا کی موسیقی پیش کی۔ رہبر اینڈ گروپ اور فیضان نے کامیڈی ایکٹ پیش کیے۔ بشریٰ نے کہانی سنائی۔ ڈاکٹر مظفر حسین خان اور پروفیسر کرن سنگھ اٹوال کوآرڈینیٹرس تھے۔

اس سے قبل ”بارش سے فائدہ“ کے موضوع پر پینٹنگ کا مقابلہ منعقد ہوا۔ شائستہ خاتون نے پہلا، ماہین بیگم نے دوسرا اور کے اطہر صفیہ نے تیسرا مقام حاصل کیا۔ ڈاکٹر ام سلمیٰ اور محمد عبدالقدیرنے حکم کے فرائض انجام دیئے۔ محترمہ عصمت فاطمہ کو آرڈینیٹر تھیں۔ محترمہ صباءخاتون اور جناب اے ایم ایس حسن قادری اور بی ووک کی طالبات حمیرہ صدیقی و سدرہ مریم نے انتظامات میں حصہ لیا۔

یوتھ پارلیمنٹ پروگرام میں طلبہ نے ”قومی تعلیمی پالیسی“ پر ایوان کی کاروائی کا منظر پیش کیا۔ حکمراں جماعت کے صدر محمد فیضان تھے، مظہر سبحانی نے اسپیکر کا رول بخوبی نبھایا۔

ڈاکٹر معراج احمد مبارکی، ڈاکٹر محمد اطہر حسین اور ڈاکٹر ریشماں نکہت نے حکم کے فرائض انجام دیئے۔ ڈاکٹر محمد عمر اور ڈاکٹر رضوان الحق انصاری کو آرڈینیٹرس تھے۔ سیف الرحمن، افتخار عالم اور درخشاں نے تعاون کیا۔

تقریری مقابلوں کا تین زبانوں اردو، انگریزی اور ہندی میں اہتمام کیا گیا تھا۔ اس میں جملہ 45 طلبہ نے حصہ لیا۔ اس کا عنوان ”موجودہ تناظر میں مولانا آزاد کا تصورِ ہند“ اردو میں محمد اشہد نے پہلا مقام حاصل کیا، ہندی میں محمد شاہنواز عالم اور انگریزی میں سرمد یٰسین بٹ نے پہلا مقام حاصل کیا۔ ڈاکٹر ابو شہیم خان؛ ڈاکٹر ثمینہ تابش، ڈاکٹر طلحہ فرحان نے حکم فرائض انجام دیئے۔ ڈاکٹر شکیل احمد، کورآڈینیٹر تھے۔ اساتذہ ڈاکٹر عاطف عمران اور محترمہ ثمینہ تبسم، طلبہ طلحہ منان اور بشریٰ فاطمہ نے تعاون کیا۔

فوڈ فیسٹ کا پالی ٹیکنیک بلڈنگ کے عقب میں اہتمام کیا گیا۔ اس میں جملہ 18 اسٹال لگائے گئے تھے۔ طلبہ نے علاقائی پکوان کے اسٹال لگائے ۔ اس میں حیدرآبادی، جموں، کیرالا، بہار، مغربی بنگال، اتر پردیش کے پکوان پیش کیے گئے تھے۔

جس میں زیادہ تر پکوان وہیں پر تیار کیا گیا تھا۔ فوڈ فیسٹ کی یونیورسٹی کے مختلف گوشوں کی جانب سے بہت زیادہ پذیرائی ہوئی۔ طلبہ ، اساتذہ اور اسٹاف کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ جشن بہاراں کے تحت جاب فیسٹ کا 5 جولائی کو انعقاد عمل میں آئے گا۔

Sada e Hussaini, 30-06-2022

# مانو میں کلچرل نائٹ کیساتھ جشن بہاراں کا رنگا رنگ اختتام

## فوڈ فیسٹ، یوتھ پارلیمنٹ اور دیگر پروگرامس کا کامیاب انعقاد






حیدرآباد، 29 / جون (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اسٹوڈنٹس یونین کے سالانہ ثقافتی، ادبی اور کھیل کود کے پروگرام ''جشن بہاراں 2022'' کا شاندار پیمانے پر انعقاد عمل میں آیا۔ کل شام اوپن ایئر آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والا ثقافتی پروگرام ''کلچرل نائٹ'' پُرجوش تقاریب کے کامیاب اختتام کا واضح ثبوت تھا۔ وقفے وقفے سے ہورہی بارش کے باوجود طلبہ کی بڑی تعداد اپنے ساتھیوں کے فن کے مظاہرے سے محظوظ ہوتے ہوئے ان کی ستائش کی۔ فنکاروں نے بھی انہیں مایوس نہیں کیا۔ اوپن ایئر تھیٹر میں موسیقی، گلوکاری، رقص، مزاحیہ خاکوں، قوالی، لوک گیت، لوک رقص اور مونو ایکٹ کی یہ یادگار محفل سجائی گئی۔ مانو میں 3 سال کے وقفے کے بعد جشن بہاراں کا انعقاد کیا گیا اور طلبہ نے اس میں جوش وخروش سے شرکت کی۔ پروفیسر سید عین الحسن وائس چانسلر نے نہ صرف ساری تقاریب کی سرپرستی کی بلکہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے مختلف پروگراموں میں شرکت بھی کی۔ پروفیسر حسن جنہوں نے 24 جون کو اس جشن کے افتتاحی پروگرام میں صدارت کی، 27 جون کو منعقدہ مشاعرہ میں شرکت کی۔ وائس چانسلر نے 28 جون کو منعقدہ ''فوڈ فیسٹ'' کا بھی معائنہ کیا اور طلبہ کے پکوان کی مہارت اور ذائقے کی ستائش کی۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرو وائس چانسلر، پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار اور پروفیسر علیم اشرف جائسی ڈین، بہبودی طلبہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ یوتھ پارلیمنٹ پروگرام میں طلبہ نے ''قومی تعلیمی پالیسی'' پر ایوان کی کارروائی کا منظر پیش کیا۔ تقریری مقابلوں کا تین زبانوں اردو، انگریزی اور ہندی میں اہتمام کیا گیا تھا۔ اس میں جملہ 45 طلبہ نے حصہ لیا۔ اس کا عنوان ''موجودہ تناظر میں مولانا آزاد کا تصور ہند''۔ فوڈ فیسٹ کا پالی ٹیکنیک بلڈنگ کے عقب میں اہتمام کیا گیا۔ اس میں جملہ 18 اسٹال لگائے گئے تھے۔ طلبہ نے علاقائی پکوان کے اسٹال لگائے۔ اس میں حیدرآبادی، جموں، کیرالا، بہار، مغربی بنگال، اتر پردیش کے پکوان پیش کیے گئے تھے۔ جس میں زیادہ تر پکوان وہیں پر تیار کیا گیا تھا۔ فوڈ فیسٹ کی یونیورسٹی کے مختلف گوشوں کی جانب سے بہت زیادہ پذیرائی ہوئی۔ طلبہ، اساتذہ اور اسٹاف کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ جشن بہاراں کے تحت جاب فیسٹ کا 5 / جولائی کو انعقاد عمل میں آئے گا۔





Posted at: Jun 29 2022 6:09PM

# Jashn-e-Baharan ends on a high note with cultural night at MANUU

Hyderabad, June 29 (UNI) Maulana Azad National Urdu University Students Union (MSU) organized the annual cultural, literary and sports extravaganza “Jashn-e-Baharan 2022”on a grand level. Cultural night held on Tuesday night at the open air auditorium was the clear proof of the successful culmination of a flurry of events.

Large number of students braving the intermittent rain turned out to appreciate their colleague’s performances. The artists did not disappoint them either. The evening was marked with scintillating music, singing, dance, hilarious skits and sombre monacts.

MANUU organized Jashn-e-Baharan after a gap of 3 years and the participation of the students fraternity was overwhelming.

Prof. Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor not only provided patronage to the entire event but also actively participated in different programmes to encourage the students.
Prof Hasan who inaugurated the gala event on June 24, participated in Mushaira held on June 27.

The Vice-Chancellor also visited the “Food fest” organized on June 28 and appreciated the culinary skills of the students.

Prof. SM Rahmatullah, Pro Vice-Chancellor, Prof. SK. Ishtiaque Ahmed, Registrar and Prof. Syed Alim Ashraf Jaisi, Dean Students’ Welfare accompanied him.
UNI VV GNK

Tags: #Jashn-e-Baharan ends on a high note with cultural night at MANUU

## More News

## UNI Photo



NEW DELHI, JUN 29 (UNI):- Cha
National Statistical Commission, P
Kumar Roy addressing on the occa
Statistics Day, in New Delhi on We

## Other Links

**UNIVARTA (News Agency)**
Indian News Agency

**UNI-Urdu Service(News Agency)**
Indian News Agency

**Newswrap**

**Newswrap1**

https://wp.me/pdcuID-aW4

The Munsif Daily

# Jashn-e-Baharan ends on a high note with cultural night at MANUU

**Jashn-e-Baharan this year included bait bazi, debate, elocution, essay writing, youth parliament, food fest, cultural night, poster making, painting, mushaira, qirat and job fest.**

Posted by: Muttabi Ali KhanLast Updated: 29 June 2022 - 20:37

**Hyderabad:** Maulana Azad National Urdu University Students Union (MSU) organized the annual cultural, literary and sports extravaganza "Jashn-e-Baharan 2022"on a grand level. Cultural night held yesterday at the open air auditorium was the clear proof of the successful culmination of a flurry of events. Large number of students braving the intermittent rain turned out to appreciate their colleague's performances. The artists did not disappoint them either. The evening was marked with scintillating music, singing, dance, hilarious skits and sombre monacts.



MANUU organized Jashn-e-Baharan after a gap of 3 years and the participation of the student fraternity was overwhelming. Prof. Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor not only provided patronage to the entire event but also actively participated in different programmes to encourage the students. Prof. Hasan who inaugurated the gala event on June 24, participated in Mushaira held on June 27.

The Vice-Chancellor also visited the "Food fest" organized on June 28 and appreciated the culinary skills of the students. Prof. SM Rahmatullah, Pro Vice-Chancellor, Prof. SK. Ishtiaque Ahmed, Registrar and Prof. Syed Alim Ashraf Jaisi, Dean Students' Welfare accompanied him.

Prof. Mohd Abdul Sami Siddiqui, chairman, MSU Advisory Committee and Dr. Mohd Yousuf Khan, Convenor Committee worked tirelessly along with various coordinators to ensure successful conduct of the event.



Mr. Mohd Mursaleen, President, MSU, Md Abuhamza, Vice-President, Mohd Haris, Secretary and other office bearers of the Union also coordinated well with the organizing committee.

Jashn-e-Baharan this year included bait bazi, debate, elocution, essay writing, youth parliament, food fest, cultural night, poster making, painting, mushaira, qirat and job fest.

The cultural night held yesterday began with the prayer "Itni Shakti …." presented by Athar Ali Shafiya. Various bollywood songs, Qawwali, Sufi song and duet were presented by students – they included Taskeen Fatima, Nasir Ali, Gauhar Alam, Jawwad Alam, Aarfeen, Mohd. Sufiyan Ameerullah, Quainan Ali, Mohd Suhail. Kerala Singing group presented Tribal song whereas Yaseen TP presented Malyalam song.

The event also witnessed Kerala group Dance, Odiya folk dance. Faizan, Rehbar n group presented standup comedy. Story telling by Bushra, Mono act on Farmers by Mohd Shahnawaz and Kerala musical act was also part of the event. Dr. Mohd. Muzaffar Hussain Khan and Prof. Karan Singh Utwal were the coordinators.

Earlier, Elocution Competition on the topic "The Relevance of Maulana Azad's Idea of India in the Current Scenario" was also organised in three languages and 45 students delivered inspirational speeches. The winner of Urdu Speech was Mohd Ashhad. Md Shahnawaz Alam declared winner for Hindi whereas winner of English Speech was Sarmad Yaseen Butt.

Dr. Abu Shaheem Khan, Dr. Sameena Tabish, and Dr. Talha Farhan were the judges. Dr. Shakeel Ahmad was the coordinator.

Painting Competition with theme 'Gain from Rain' was held on June 27 in which a total of 32 students participated. Shaista Khatoon secured first position. Dr. Umme Sallmaa and Mr. Md. Abdul Qadeer were the judges. Ms. Ismat Fathima was the coordinator.

Youth Parliament, with the aim to bring out debating, logical thinking and reasoning, and creative skills of the students and to test their awareness of parliamentary behavior and Proceedings, was also conducted on June 28. The agenda of the Parliamentary discussion was the National Education Policy.

Mr. Mazahar Subhani, who acted as the speaker of the youth parliament handled the parliament sessions very well. Ruling party head Md Faizan extensively described the advantages of the policy. The session was judged by Dr. Meraj Ahmed Mubaraki, Dr. Md. Athar Hussain and Dr. Reshma Nikhat. Mr. Mohd Omar was the coordinator.

In the food festival a total of 18 stalls were put up and students showcased their regional food culture with ethnic cuisine from Hyderabad, Jammu, Kerala, Bihar, West Bengal and Uttar Pradesh. Home-made, hygienic and reasonably priced food was served at the fest, with many preparations being done on the spot. The entire fest received immense response from all the stakeholders of the university. Mr. Jameel Ahamed was the coordinator.

Job fest, an important part of Jash-e-Baharan will be held on July 5, 2022.

Urdu Action, Bhopal, 30-06-2022

# مانو میں کلچرل نائٹ کے ساتھ جشنِ بہاراں کا رنگا رنگ اختتام

## فوڈ فیسٹ، یوتھ پارلیمنٹ اور دیگر پروگرامس کا کامیاب انعقاد







Sakshi 30 JUN 2022

# మనూలో ఫుడ్‌ఫెస్ట్, కల్చరల్‌ఫెస్ట్

- నోరూరించిన వివిధ రాష్ట్రాల వంటకాలు
- ముగిసిన 'జష్న్-ఏ-బహారన్-2022'

రాయదుర్గం: ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలో విద్యార్థి సంఘం ఆధ్వర్యంలో నిర్వహించిన 'జష్న్-ఎ-బహారన్-2022' సందర్భంగా చివరి రోజు బుధవారం నిర్వహించిన ఫుడ్‌ఫెస్ట్, కల్చరల్ ఫెస్ట్ అందరినీ విశేషంగా ఆకట్టుకున్నాయి. ముషాయిరా, గాలా ఈవెంట్ ప్రత్యేక ఆకర్షణగా నిలిచాయి. ఫుడ్‌ఫెస్ట్‌లో హైదరాబాద్, జమ్మూ, కేరళ, బీహార్, వెస్ట్ బెంగాల్, ఉత్తరప్రదేశ్ రాష్ట్రాలకు చెందిన వంటకాలను ప్రదర్శించారు. వీసీ ఐనుల్‌హసన్, ప్రోవీసీ ప్రొఫెసర్ ఎస్ఎం రహమతుల్లా, రిజిస్ట్రార్ ప్రొఫెసర్ ఎస్కే ఇష్తియాక్ అహ్మద్ విద్యార్థుల సంక్షేమ డీన్ ప్రొఫెసర్ సయ్యద్ అలీమ్ అష్రఫ్ జైసీ ఉన్నారు. కాగా ఈ కార్యక్రమంలో భాగంగా బైట్ బాజీ, డిబేట్, ఎలక్యూషన్, వ్యాసరచన, యూత్ పార్లమెంటు, పోస్టర్ మేకింగ్, పెయింటింగ్, జాబ్‌ఫెస్ట్ వంటి కార్యక్రమాలను నిర్వహించారు.

Andhra Jyothy

# మనూలో ముగిసిన క్రీడా పోటీలు

హైదరాబాద్ సిటీ, జూన్ 29 (ఆంధ్రజ్యోతి): మౌలానా ఆజాద్ నేషనల్ ఉర్దూ యూనివర్సిటీలో మూడు రోజుల నుంచి జరుగుతున్న క్రీడా పోటీలు బుధవారం ముగిశాయి. జష్నే బహారన్ పేరుతో నిర్వహించిన వేడుకల ముగింపు సంబరాల్లో పాల్గొన్న వీసీ ప్రొఫెసర్ ఐనుల్ హసన్ మాట్లాడుతూ కరోనా కారణంగా రెండేళ్లుగా ఎలాంటి ఆటల పోటీలు నిర్వహించలేదని, ఈ ఏడాది ఏర్పాటు చేసిన పోటీల్లో విద్యార్థులు ఉత్సాహంతో పాల్గొనడం సంతోషకరమన్నారు. ఈ సందర్భంగా ఆటలతో పాటు సంగీతం, వకృత్వం, వ్యాసరచన, చిత్రలేఖనం, వంటల పోటీల్లో విజేతలకు బహుమతులందించారు. ముగింపు కార్యక్రమంలో విద్యార్థులు ఆట, పాటలతో సందడి చేశారు. ఈ కార్యక్రమంలో ప్రొఫెసర్ వీసీ ఎస్ఎం రహంతుల్లా, రిజిస్ట్రార్ ఎస్కే ఇస్తిక్ అహ్మద్, విద్యార్థి సంఘాల నేతలు, విద్యార్థులు, పాల్గొన్నారు.

Telangana Today

# Mushaira held in MANUU


CITY BUREAU
Hyderabad

Maulana Azad National Urdu University Students' union (MSU) organised 'Mushaira' in connection with the ongoing students' festival Jashn-e-Baharan 2022. Prof Syed Ainul Hasan Vice-Chancellor presided over the event and also participated in the Mushaira. Rauf Khair, Sardar Saleem, Tasneem Johar, Nemat Khan, Nasir Misbahi and Elizabeth Mona were among the invited poets.

Also, MSU organised competitions for various sports and games as part of Jashn-e-Baharan 2022. According to Dr A Kaleemulla, Deputy Director, Directorate of Physical Education & Sports, competitions were held for athletics, badminton, carrom, chess, cricket.

THE HINDU

## HYDERABAD ROUND-UP




**Great show:** Shabnam, who won the 100m and 200m in athletics and 50kg weightlifting gold in the Maulana Azad National Urdu University sports meet. ▪SPECIAL ARRANGEMENT

**Shabnam excels**

Shabnam Khatoon claimed the girls' 100m and 200m and 50kg weightlifting gold in the Maulana Azad National Urdu University sports meet.

**Final placings:**

**Boys: Athletics: 200m:** Mohammed Rizwan; **800m:** Shan-e-Ali. **Badminton:** Amir Raoof & Mohd Rafiq. **Chess:** Mohammed Kaif. **Carrom: Doubles:** Abdur Rahman Asif, Waqar Ahmad. **Cricket:** School of Sciences. **Football:** School of Languages. **Kabaddi:** School of Mass Communication & Journalism. **Table tennis:** Salman Siddiqui. **Volleyball:** School of Languages. **Weightlifting: 65kg:** Salman Khan; **70kg:** Irfan Ahmad Mir & Kamil Mohammed (joint-winners); **75kg:** Amjad.

**Girls: Athletics: 100m & 200m:** Shabnam Khatoon; **400m:** Ataliya Aafreen. **Badminton: Doubles:** Aarzoo Bano & Bushra Fatima. **Carrom: Doubles:** Be Be Juveria & Shaik Shainaz Begum. **Chess:** Zaid Afrin. **Football:** School of Sciences. **Kabaddi:** CS & IT. **Table tennis:** Aarzoo Bano. **Weightlifting: 50kg:** Shabnam Khatoon; **55kg:** Hejab Manzr; **60kg:** Taskeen Nasim.

Telangana Today

Hyderabad

## Shabnam Khatoon clinches 3 gold

Shabnam Khatoon bagged top honours in the 50kgs weightlifting category, 100m and 200m events of the Jashn-e-Baharan Sports and Cultural festival at the Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad on Wednesday. Hejab Manzer and Taskeen Nasim won the weightlifting titles in 55kgs and 60 kgs respectively.

TT

منصف

30 JUN 2022

# اردو یونیورسٹی میں جشن بہاراں کے تحت اسپورٹس مقابلے

## اسکول آف ٹکنالوجی کی شبنم خاتون کی 100، 200 میٹر دوڑ اور ویٹ لفٹنگ میں کامیابی








حیدرآباد۔ 29 جون (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی طلبہ یونین کے ’’جشنِ بہاراں‘‘ میں لڑکے اور لڑکیوں کیلئے اسپورٹس مقابلوں کا اہتمام کیا گیا۔ اس کے تحت اتھلیٹکس، بیڈمنٹن، شطرنج، کیرم، تھرو بال، والی بال، ٹیبل ٹینس، ویٹ لفٹنگ، کبڈی، کرکٹ کے مقابلے منعقد ہوئے۔ ڈاکٹر اے کلیم اللہ، ڈپٹی ڈائرکٹر اسپورٹس و کوآرڈینیٹر کھیل کود مقابلے کے بموجب لڑکوں کے اتھیلیٹکس مقابلوں میں 200 میٹر میں محمد رضوان نے کامیابی حاصل کی جبکہ 800 میٹر میں شانِ علی نے پہلا مقام حاصل کیا۔ لڑکیوں میں 100 اور 200 میٹر میں شبنم خاتون نے جیت درج کی جبکہ 400 میٹر میں اطالیہ آفرین نے کامیابی حاصل کی۔ لڑکوں کے شطرنج میں محمد کیف کامیاب ہوئے جبکہ لڑکیوں میں زید آفرین نے پہلا مقام حاصل کیا۔ کیرم ڈبلس مقابلوں میں لڑکوں میں عبدالرحمٰن آصف اور وقار احمد نے کامیابی حاصل کی، لڑکیوں میں بی بی جویریہ اور شیخ شہناز بیگم کو کامیابی ملی۔ بیڈمنٹن ڈبلس میں لڑکوں میں عامر روف اور محمد رفیق نے پہلا مقام حاصل کیا، لڑکیوں میں آرزو بانو اور بشریٰ فاطمہ نے کامیابی حاصل کی۔ ٹیبل ٹینس میں لڑکوں کے مقابلوں میں سلمان صدیقی کامیاب رہے، آرزو بانو نے لڑکیوں میں پہلا مقام حاصل کیا۔ ویٹ لفٹنگ میں 65 کلوگرام زمرہ میں سلمان خان، 70 کلوگرام زمرہ میں عرفان احمد میر اور کامل محمد نے مشترکہ طور پر اور 75 کلو گرام زمرہ میں امجد نے اول مقام حاصل کیا۔ لڑکیوں میں شبنم خاتون نے 50 کلوگرام زمرہ میں، حجاب منظر نے 55 کلوگرام زمرہ میں اور تسکین نسیم نے 60 کلوگرام میں زمرہ میں کامیابی حاصل کی۔ لڑکوں کے فٹ بال میں لینگویجس اسکول نے کامیابی درج کرائی جبکہ لڑکیوں میں اسکول آف سائنس نے کامیابی حاصل کی۔ کبڈی میں لڑکوں کی جرنلزم اسکول ٹیم نے جیت درج کی جبکہ لڑکیوں کی ٹکنالوجی اسکول کی ٹیم نے کامیابی حاصل کی۔ لڑکیوں کے تھرو بال مقابلوں میں لینگویجس اسکول نے جیت درج کی۔ والی بال میں لڑکوں میں لینگویجس اسکول نے کامیابی حاصل کی اور کرکٹ میں لڑکوں کی سائنس اسکول نے جیت حاصل کی۔ ڈاکٹر وقار النساء، پرووسٹ گرلز ہاسٹلس بھی ان مقابلوں کی کوآرڈینیٹر تھیں۔ ڈاکٹر فردوس تبسم، اسسٹنٹ پروفیسر تعلیم و تربیت لڑکیوں کے مقابلوں کی شریک کنوینر تھیں۔ ڈاکٹر محمد حبیب اللہ، جناب پی حبیب اللہ، رحیم الدین، موہن راو، محمد امیر، شیخ نوید، مظفر علی، بی بھکشاپتی، ڈاکٹر پی مرہری، محمد غوث اور محمود نے سرگرم تعاون کیا۔ طلبہ یونین عہدیداروں محمد مرسلین، صدر؛ ابوحمزہ، نائب صدر اور محمد حارث، جنرل سکریٹری نے ان مقابلوں کے انعقاد میں حصہ لیا۔

DECCAN CHRONICLE



Girls from the School of Sciences team which won the football competition pose along with Dr Mohd. Yousuf Khan, Dr Viquar Unnisa, Mr Muzaffar Ali, Mr Mohd Mursaleen, Md Abuhamza and Anam Jahan at the conclusion of Jashn-e-Baharan sports festival conducted by the Maulana Azad National Urdu University. Shabnam Khatoon of School of Technology won the 100 and 200 metres sprints beside the weightlifting title in the 50 kg category.